NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

اساتذہ کی قدرشناسی کے مہینے کے دوران ہمارے اساتذہ کا شکریہ

عزیزی نیویارک کے مکین،

نیویارک شہر کے پُرعزم اور باصلاحیت پبلک اسکول کے اساتذہ کا نہ صرف اساتذہ کی قدر شناسی کے ہفتے کے دوران، جو حال ہی میں گزرا ہے، بلکہ مئی کے پورے مہینے منایا جانا، میرے لیے باعثِ اعزاز ہے—جسے ہم نے انتہائی مسرت کے ساتھ بطور استاد کی قدرشناسی کے مہینہ قرار دیا ہے۔

خود بطور ایک سابقہ استاد، مجھے معلوم ہے کہ یہ کام محض ایک پیشہ ہی نہیں ہے بلکہ ایک طلب ہے—ہمارے بچوں کو لامحدود مستقبلوں تک فروغ دینے کی طلب۔ میں اپنے اساتذہ کی اس طلب پر لبیک کہنے اور نیویارک شہر پبلک اسکولوں کے بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے ذریعے فروغ دینے کے لیے مشکور ہوں۔

جب میں بحیثیت چانسلر اسکولوں کا دورہ کرتا ہوں، —ایسا کبھی نہیں ہوا—کہ میں اپنے اساتذہ سے اور انکے اس شہر کے بچوں کے لیے عہد بستگی سے متاثر اور پُرجوش نہ ہوا ہوں۔ چاہے ہمارے پانچوں سرگرم بروز میں، اور ان سے باہر کی دنیا میں کچھ بھی ہو رہا ہے، ہمارے اساتذہ ہمارے طلبا کے لیے موجود ہوتے ہیں۔

وہ انہیں محبت اور معاونت فراہم کرتے ہیں۔ وہ ایسا انتہائی احتیاط، اعلیٰ توقعات کے ساتھ، اور اس غیر متزلزل عہد پر یقین کے ساتھ کرتے ہیں کہ انکے طلبا اُن اعلیٰ بلندیوں تک پہنچیں گے۔ ہمارے اساتذہ بچوں کو اونچے خواب دیکھنے کی ترغیب دیتے ہیں... اور انہیں اتنا خومختار بنا دیتے ہیں کہ وہ اپنے لیے ایک روشن مستقبل کے لیے پُرعزم ہو جاتے ہیں۔

T-35674 COMMS 2023 May PS+YOU Issue 29 (Urdu)

میں آپ کو یہ مختصر وڈیو دیکھنے کی دعوت دیتا ہوں جس میں اپنے اساتذہ کی خدمات اور قیادت کا اور ہمارے اسکولوں کے ہر بچے کو فروغ دینے میں اپنے آپ کو اتنا وقف کر دینے پر میں اپنی شکر گزاری کو آپ کے ساتھ شئیر کر رہا ہوں۔ برائے مہربانی اساتذہ کی قدرشناسی کا اظہار کرنے کے لیے جنکی وجہ سے آپکی زندگی میں ایک فرق آیا ہے ہمارے محکمه تعلیم کے All-Stars ٹول کو بھی استعمال کریں۔ یا آپ اس ہیش ٹیگ کو استعمال کرکے سوشل میڈیا پر بھی اپنے تشکر کا اظہار کرسکتے ہیں #ThankaTeacherNYC

تمام نیویارک کی جانب سے، نیویارک شہر پبلک اسکولوں کے تمام اساتذہ کو: ہمارے طلبا کو انکی پوری استعداد تک رسائی حاصل کرنے کے لیے آپ جو کچھ کر رہے ہیں اسکے لیے آپ کا شکریہ...اور اساتذہ کی قدرشناسی کے مہینہ مبارک ہو!

مائل به پرواز،

David C. Banks
چانسلر

ہماری ہفتہ وار وڈیو

ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے یوٹیوب پیج پر جائیں۔

اور یہاں میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ براہِ راست میئر کے دفتر سے جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ عنوانات کے لیے: "CC" آئی کان پر کلک کریں۔ "Setting" ئی کان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC"منتخب کریں۔ "Auto-translate" منتخب کریں اور اپنی زبان کا انتخاب کریں۔

آگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔